ہومیو پیتھک فرسٹ ایڈ

ہزاروں سالوں سے علاج معالجے کے دو طریقے رائج چلے آرہے ہیں

1۔ روحانی طریقہ ہائے علاج

2۔ زمین پر پائی جانے والی نباتات و جمادات سے علاج

جب ہم بیماری کے اسباب پر غور کرتے ہیں تو ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ بیماری کے تین بنیادی اسباب ہیں

1۔ غیر میعاری اور غیر متوازن غذا

2۔ موسمی تغیرات و حادثات

3۔ منفی سوچ

ہومیو پیتھک دوا تقلیل کے عمل سے گزر کر اس قابل بن جاتی ہے کہ یہ ہر تین طرح کے اسباب سے پیدا ہونے والی بیماری اور علامات پر قابو پانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

ہومیو پیتھک فرسٹ ایڈ بکس کا خیال مجھے اس وقت آیا جب میرا پوتا آدھی رات کو بخار اور پیٹ کے درد میں مبتلا ہوا اور ہومیو پیتھک ادویات گھر میں موجود ہونے کی وجہ سے فوری طور پر اس پر قابو پالیا گیا، اس کے بعد میں نے پھول جیسے نازک بچوں کے لئے ہر طرح کے مضر اثرات سے پاک چند مجرب ہومیو پیتھک ادویات کو یکجا کر کے ایک ادویاتی گروپ ترتیب دیا ہے جس کا ہر بچوں والے گھر میں موجود ہونا نہایت ضروری ہے۔ اس ادویاتی گروپ میں میرا اپنا معمول یہ ہے کہ ان کو ڈیسی مل اسکیل سے 144X پوٹینسی میں تیار کر کے استعمال کرتا ہوں جن سے کمال کا رزلٹ ملتا ہے مگر مارکیٹ میں پائی جانے والی سینٹی مل اسکیل سے تیار کردہ ادویات بھی 30 طاقت میں اچھا رزلٹ دیتی ہیں۔

میں نے اس گروپ میں صرف پانچ ادویات کا انتخاب کیا ہے اور ہر دوا 50 خوراکوں پر مشتمل سادہ پیکنگ میں ہے جس کی قیمت 120 روپے ہے اور پانچوں ادویات کی قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ ہے، آپ یہ ادویات مارکیٹ سے تیس طاقت میں لے کر بھی استعمال میں لاکر دعاؤں میں یاد رکھ سکتے ہیں۔

۱۔آرنیکا مونٹینا

اس دوا کی پہلی اور آخری علامت دکھن کا احساس ہے جیسے کہ چوٹ لگنے سے پیدا ہوتا ہے، چوٹ خواہ تازہ ہو خواہ سالہا سال پرانی، زیرِ جلد خون جمنا اور نیلا پن اس دوا کی بنیادی علامات ہیں۔

بچوں کو اکثر گرنے سے یا کھیلنے سے چوٹیں لگ جاتی ہیں، تازہ چوٹ لگنے کی صورت میں دو تین منٹ کے اندر آرنیکا کی ایک خوراک لینے سے درد فوراً دور ہو جاتا ہے سوزش اور نیلا داغ پیدا ہی نہیں ہوتا۔ اگر ہڈی نہ ٹوٹی ہو اور جلد پر ٹانکے لگانے کی نوبت نہ آئے تو ہر طرح کی شدید یا نارمل چوٹ کے لئے آرنیکا کافی اور مکمل علاج ہے۔ ایسا پرانا چوٹ کا درد جو ہر سال سردی کے موسم میں لوٹ آتا ہو اس کے لئے فوری اثر علاج ہے۔ ہر عمر کے افراد کی چوٹ کی فوری اثر دوا ہے۔ دن میں تین خوراک کافی ہے

۲۔اپیکاک

الٹی متلی کے لئے ہومیوپیتھی کی اعلیٰ ترین دوا، الٹی متلی بچوں میں ہو یا بڑوں میں، حاملہ عورتوں کے لیے بے ضرر دوا، شیر خوار بچوں کی الٹی، بخار کے ساتھ الٹی اور متلی کے لئے دن میں تین خوراک لیں، علامات کی شدت کی صورت میں ہر تین گھنٹے کے بعد لے سکتے ہیں۔

۳۔سپونجیا ٹوسٹا

بچوں کی کھانسی خواہ کسی قسم کی ہو حاد ہو یا مزمن اس کے لئے فوری اثر دوا ہے، دن میں تین خوراک کافی ہے۔

۴۔ بیلاڈونا

بچوں کا حاد بخار، سرخ رنگ کے پھوڑے پھنسی، سر درد، کان کا درد، پیٹ میں درد، بخار سر کو چڑھ جائے اور بچہ ہذیان اور خود کلامی کی کیفیت میں چلا جائے تو بیلاڈونا سے فوری آرام ملتا ہے۔

۵۔ڈیکونیٹ 1C

ہر قسم کی حاد اور مزمن قبض کا موثر علاج ہے۔ یہ الیکٹرو ہومیو پیتھک کی دوا ہے، ڈبے کا خشک دودھ یا اوپر کا دودھ زیادہ پینے والے بچوں میں قبض کی عام شکایت پائی جاتی ہے جس کو دور کرنے کے لئے اس دوا کی روزانہ تین خوراکیں دو تین روز میں قبض سے نجات دلاتی ہیں۔

خیر اندیش

ہومیو پیتھک ڈاکٹر

سید محسن علی شاہ

DHMS, RHMP

0333-3005850